پریس ریلیز

معالجین شہریوں میں کرونا وائرس کی احتیاطی تدابیر بارے شعور بیدار کریں: پرنسپل پی جی ایم آئی

علامات: ناک سے پانی بہنا، بخار، سانس کا تیز اور رنگ سرخ ہونا شامل چھینکتے وقت ٹشو پیپر استعمال کریں: طبی ماہرین

صفائی ستھرائی اور ہاتھوں کو باقاعدگی کے ساتھ صابن سے دھونا ہوگا: ڈاکٹر رانا محمد شفیق، ڈاکٹر شاہد محمود

لاہور 27 فروری:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ پروفیسر محمد الفرید ظفر نے طب سے وابستہ افراد پر زور دیا ہے کہ وہ مریضوں اور عام شہریوں میں کرونا وائرس کے بارے میں شعور بیدار کرنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور انہیں رضاکارانہ طور پر اس سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی آگاہی دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب کو بطور شہری اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے میدان میں آنا ہوگا اور ہسپتالوں میں کام کرنے والے ہر شخص کو اس سلسلے میں خصوصی کاوش کرنی چاہیے۔

ڈاکٹر رانا محمد شفیق اور ڈاکٹر شاہد محمود کا کہنا تھا کہ کرونا وائرس سے بچاؤ کے لئے شہری صفائی ستھرائی اور خوراک کا خصوصی خیال رکھیں اور اپنے ہاتھوں کو باقاعدگی کے ساتھ صابن سے دھونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز شہریوں کو بتائیں کہ وہ ماسک کا استعمال یقینی بنائیں اور چھینکتے وقت ٹشو پیپر استعمال کریں۔ طبی ماہرین نے کہا کہ کرونا وائرس جسم کے ٹمپریچر بڑھنے اور درجہ حرارت 100 کے قریب ہونے سے ہوتا ہے۔ اس کی علامات میں ناک سے پانی بہنا، بخار ہونا، رنگ سرخ ہو جانا اور سانس کا تیز ہونا شامل ہیں اگر ایسا ہو تو اس شخص کو فوری طور پر الگ کر دیا جائے جبکہ عام شہریوں کو بھی دودھ، انڈے اور گوشت یا ان سے بنی ہوئی غذاؤں سے فی الحال پرہیز کرنا چاہیے اور مویشیوں سے بھی دور رہنا چاہیے، گلے کو خشک نہ رکھیں، مصالحہ دار اور فرائی فوڈ سے گریز کریں۔ ڈائریکٹر ایمرجنسی جنرل ہسپتال نے کہا کہ پریشان ہونے یا افواہوں پر کان دھرنے کی بجائے ہمیں احتیاطی تدابیر اختیار کرنا چاہیے اور ڈاکٹروں، نرسسز اور پیرامیڈیکل سٹاف کو جنگی بنیادوں پر عام آدمی کی آگاہی کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ اس مرض کو پھیلنے سے پہلے ہی روکا جا سکے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ محکمہ صحت پنجاب کے ایس او پیز پر عمل کرتے ہوئے اس مرض کا بھرپور مقابلہ کیا جائے گا اور انشاءاللہ صورتحال کنٹرول میں رہے گی۔

☆☆☆☆☆